# عظمت ہیلتھ انشورنس پلان



Jubilee LIFE INSURANCE

Bank Alfalah The Way Forward

اچھی صحت ایک نعمت ہے ۔ یہ ضروری ہے کہ اس کی قدر کی جائے اسے ہمیشہ کے لیے قائم نہ سمجھا جائے ۔ کسی بھی ناگہانی واقعے کی صورت میں ، آپ کا فرض ہے کہ آپ اپنی اور اپنے پیاروں کی صحت اور علاج کے لیے بہترین طریقے اختیار کریں ۔ اسی لیے جوبلی لائف انشورنس متعارف کرواتا ہے عظمت ہیلتھ انشورنس پلان ۔

اس پلان کا مقصد بیمہ کی فراہمی اور سب سے بہترین اسپتال میں داخل کروانا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ آپ فکروں سے آزاد ہو کر زندگی گزاریں کیونکہ آپ کی صحت محفوظ ہے ۔

## اس پلان کو آپ کی پہلی ترجیح کیوں ہونا چاہیئے ؟

یہ پلان آپ کو فراہم کرتا ہے :

- بیمہ شدہ کو اسپتال میں داخلے پر بے مثال فوائد کا حصول
- پہلے سے موجود بیماری پر تحفظ کا اطلاق
- 24/7/365 دن مکمل خدمات
- پاکستان بھر میں تمام بڑے اسپتالوں میں رسائی
- دولت کی اصل قیمت

یہ پروڈکٹ بیمہ شدہ شخص کو اسپتال میں داخلے پر فوائد فراہم کرتی ہے ۔ بینیفٹ کی حدیں مندرجہ ذیل ہیں :

| | |
|---|---|
| اسپتال میں داخل مریض کی حد | 2,000,000 روپے |
| پہلے سے موجود بیماری پر تحفظ * | 40% تک |
| کمرے کی قسم | وی آئی پی |
| کمرے کی حد | 70,000 روپے |
| شریکِ حیات اور بچوں کے لیے تحفظ | جی ہاں |

## اسپتال میں داخلے پر کیا تحفظ حاصل ہوگا ؟

کوئی بھی علاج اور سروسز جو بیماری کے زخم اور / یا سرجیکل آپریشن کے لیے ایسے شخص کو فراہم کیا جائے جو اسپتال میں داخل ہو اور اسے بیڈ دیا گیا ہو ۔ اس پالیسی کے شرائط و ضوابط کے مطابق عظمت ہیلتھ انشورنس پلان کے تحت اسپتال میں داخل مریضوں کے علاج کے اخراجات پر کوریج فراہم کی جائے گی ۔

## عظمت ہیلتھ انشورنس پلان کی مدت کتنی ہے ؟

عظمت ہیلتھ انشورنس پلان سالانہ بنیاد پر قابلِ تجدید پلان ہے ۔ اس پلان کی مدت 1 سال ہے ۔ ہر سال کے اختتام پر پالیسی ہولڈر کو اگلے سال کے لیے پلان کی تجدید کا آپشن حاصل ہوگا جو کہ کمپنی کی طرف سے فراہم کردہ شرائط و ضوابط کی قبولیت سے مشروط ہے ۔ یہ پلان 5 سال تک قابل تجدید ہے ۔

## اس پروڈکٹ کا پریمیئم کیا ہے ؟

پریمیئم کم سے کم 35,000 روپے سے شروع ہوتا ہے اور شرائط و ضوابط کے مطابق بیمہ شدہ شخص کی عمر پر منحصر ہوتا ہے ۔
عمر کے لحاظ سے اس پلان کے تحت پریمیئم مندرجہ ذیل ٹیبل میں دیا گیا ہے :

| عمر کی حد | | پریمیئم |
|---|---|---|
| 0 | 39 | PKR 35,000 |
| 40 | 49 | PKR 55,400 |
| 50 | 55 | PKR 82,350 |

## پلان کی طرف سے فراہم کردہ سپلیمنٹری تحفظ کیا ہے ؟

عظمت ہیلتھ انشورنس پلان اپنے صارفین کو یہ اختیاری تحفظ فراہم کرتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| **دوسری طبی رائے کا تحفظ** | اس تحفظ کے تحت آپ کو پوری دنیا کے اسپیشلسٹس سے دوسری طبی رائے حاصل کرنے کا موقع دیا جاتا ہے ۔ اس طرح آپ کو درست تشخیص اور اس کا علاج معلوم ہوسکتا ہے جس سے آپ کو اپنی زندگی کا صحیح فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے ۔<br>مزید تفصیلات کے لیے براہِ مہربانی ایم ایس او کے علیحدہ لیف لیٹ کا مطالعہ کریں ۔ |

## کون اس پلان کا اہل ہے ؟

اس پلان کے تحت اہل ہونے والے شخص کی عمر 1 ماہ سے 55 سال تک ہونا چاہئے ۔

## اس پلان کے لیے اہل بیمہ شدہ کومندرجہ ذیل کومبینیشنز حاصل ہونگے :

پالیسی ہولڈر تحفظ کے تین کومبینیشنز میں سے انتخاب کر سکتا ہے :

1 ۔ صرف بیمہ شدہ شخص کے لیے بیمہ
2 ۔ بیمہ شدہ شخص اور اس کے شریکِ حیات کے لیے بیمہ
3 ۔ بیمہ شدہ شخص اور اس کے شریکِ حیات اور بچوں کے لیے بیمہ

## بارہا پوچھے جانے والے سوالات

سوال : پہلے سے موجود حالت سے کیا مراد ہے ؟
جواب : پہلے سے موجود حالت سے مراد کوئی بھی زخم ، بیماری یا علامت ہے ۔

- جس کے لیے علاج یا میڈیکیشن یا مشورہ یا تشخیص حاصل کی گئی یا بیمہ شدہ شخص کے لیے پالیسی کی تاریخ اجراء سے قبل اس کی پیش گوئی کی گئی ، یا
- جو بیمہ شدہ شخص میں پالیسی کی تاریخ اجراء سے قبل موجود تھی چاہے اس کا علاج یا میڈیکیشن یا مشورہ یا تشخیص کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو ۔

سوال : کیا اس پلان کے تحت کوئی فری لُک پیریڈ ہے ؟
یہ ایک قابل تبدیل پلان ہے جو آپ کی ضروریات کے مطابق زائد لاگت پر کئی اختیاری رائڈرز میں سے انتخاب کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے ۔
جواب : یہ پلان 14 دنوں کا فری لُک پیریڈ فراہم کرتا ہے جس کا آغاز تاریخ اجراء سے ہوتا ہے ۔ جس کے دوران آپ پالیسی کے شرائط و ضوابط کا مطالعہ کر سکتے ہیں اور چاہیں تو پالیسی کو منسوخ بھی کر سکتے ہیں ۔ آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا اگر آپ پالیسی کے اجراء کی تاریخ سے 14 دنوں کے اندر منسوخی کے لیے تحریری درخواست فراہم کرتے ہیں ۔ پریمیئم کی واپسی کے لیے کسٹمر ہیلپ لائن ( 544 111 111) پر رابطہ کرنا ہوگا ۔

سوال : کیا اس پلان میں کوئی انتظار کی مدت ہے ؟
جواب : جی ہاں ، اس پلان کے تحت بیماری کے لیے (30 )دنوں کی انتظاری مدت دی جاتی ہے جس کے دوران کلیمز قابلِ ادا نہیں ہونگے ۔ پالیسی کی تاریخ اجراء کے بعد اور اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ کی آخری الٹریشن کی تاریخ کے بعد یہ تحفظ بیماری کے لیے (30) دنوں میں مؤثر ہوتا ہے ۔ حادثے کی صورت میں اسپتال میں داخلے پر کوئی انتظاری مدت دستیاب نہیں ہے ۔

سوال : کیا پہلے سے موجود حالت پر آنے والے اخراجات تحفظ کے 13 ماہ بعد کور کیے جائیں گے ؟
جواب : جی نہیں ۔ پہلے سے موجود حالت کے لیے صرف سالانہ تحفظ کی حد کے فیصد تک ادا کیے جائیں گے جیسا کہ مندرجہ ذیل شیڈول میں دیا گیا ہے ۔

| سال | پہلے سے موجود حالت |
|---|---|
| 1 | 0% |
| 2 | 10% |
| 3 | 20% |
| 4 | 30% |
| 5 | 40% |

سوال : کونسے اسپتال اس پلان کے نیٹ ورک میں دستیاب ہیں ؟
جواب : آپ ملک بھر کے تقریباً 500 اسپتالوں سے جوبلی لائف کا تحفظ حاصل کرسکتے ہیں ۔ تاہم، پلان خریدتے وقت آپ کو پلان کے دستاویزات کے ساتھ پینل اسپتالوں کی فہرست بھی فراہم کی جائے گی ۔

سوال : نیٹ ورك اسپتال کے کیا فوائد ہیں ؟
جواب : اسپتال میں داخلے پر آپ نیٹ ورك اسپتالوں میں سے کسی کا بھی انتخاب کرسکتے ہیں اور بغیر کسی ادائیگی کے آپ معیاری طبی امداد حاصل کر سکتے ہیں ۔ آپ جوبلی لائف کی طرف سے فراہم کردہ کریڈٹ فیسیلیٹی بھی حاصل کرسکتے ہیں جو کہ ایک سادہ پری اتھارائزیشن پروسیجر مہیا کی جائے گی اور جوبلی لائف آپ کی حقداری کے مطابق آپ کے بلز براہ راست آپ کے اسپتال کو ادا کردے گا ۔ اس طرح آپ مالی پریشانیوں سے نجات پا کر اپنی صحت پر توجہ دے سکتے ہیں ۔

سوال : پاکستان کے بڑے شہروں میں کونسے اسپتال منظور کیے گئے ہیں ؟
جواب : عظمت ہیلتھ انشورنس پلان کا انتخاب کر کے آپ پاکستان کے بڑے شہروں کے بہترین اسپتالوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :

| شہر | اسپتال |
|---|---|
| **کراچی** | آغا خان یونیورسٹی ہوسپٹل (اے کے یو ایچ )<br>آرتھوپیڈك اینڈ میڈ یکل انسٹیٹیوٹ (او ایم آئی )<br>ساؤتھ سٹی ہوسپٹل<br>لیاقت نیشنل ہوسپٹل |
| **لاہور** | ڈاکٹرز ہوسپٹل اینڈ میڈیکل سینٹر<br>حمید لطیف ہوسپٹل |
| **اسلام آباد** | شفاء انٹرنیشنل<br>قائد اعظم انٹرنیشنل ہوسپٹل |
| **راولپنڈی** | مریم میموریل ہوسپٹل |
| **فیصل آباد** | فیصل ہوسپٹل<br>مجاہد ہوسپٹل |
| **ملتان** | سٹی ہیلتھ کیئر پرائیویٹ لمیٹڈ<br>فاطمہ میڈیکل سینٹر |

## تصریحات

**اسپتال میں داخل ہونا :** ایک مریض جو طبی حالت میں اسپتال میں داخل کیا گیا ہو ۔
**نیٹ ورك اسپتال :** وہ اسپتال جو جوبلی لائف پینل کی فہرست میں شامل ہیں ۔
**نا قابل قبول حالتیں :** وہ طبی حالتیں جن پر عظمت ہیلتھ انشورنس پلان کے تحت تحفظ نہیں دیا جاتا ہے ۔
**پری اتھارائزیشن :** اس پلان کے تحت کسی طبی حالت کے علاج کے لیے اخراجات برداشت کرنے سے پہلے منظوری حاصل کرنا ۔

## اہم نوٹس

1۔ کسی ایسے اسپتال میں علاج کروانا جو منظور شدہ اسپتالوں کی فہرست میں موجود نہ ہو تو ایسی صورت میں تحفظ صرف اصل ایمر جنسی یا حادثے کی صورت میں اسپتال میں داخلے پر فراہم کیا جائے گا ۔

2 ۔ غیر منظور شدہ اسپتال میں ایمر جنسی / حادثے کی صورت میں اسپتال میں داخل ہونے پر اخراجات کی ادائیگی کے لیے مندرجہ ذیل طریقے پر عمل کرنا ہوگا ۔

- اسپتال میں داخلے کے 24 گھنٹوں کے اندر جوبلی لائف انشورنس کو اطلاع دینا ہوگا ۔
- اسپتال کا خرچہ ادا کرنا ہوگا ۔
- اسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد 30 دنوں کے اندر مندرجہ ذیل دستاویزات جوبلی لائف انشورنس پر جمع کروانا ہوگا ۔
  - ڈسچارج کی مکمل سمری
  - اسپتال کی انوائس
  - علاج کے لیے ڈاکٹر کے نوٹس
  - لیبارٹری رپورٹس
  - اسپتال میں داخل رہنے کے دوران استعمال کی گئی ادویات کی تفصیلات

* کلیم کی ادائیگی اس دستاویز کی مروجہ شرائط و ضوابط کے مطابق ہوگی ۔

کیے گئے اخراجات کی ادائیگی کی منظوری کے لیے جوبلی لائف کی طرف سے اضافی دستاویز کی فراہمی کے لیے درخواست دی جاسکتی ہے ۔ غیر منظور شدہ اسپتال میں ایمر جنسی سروسز کی دستیابی کے لیے جوبلی لائف کے فزیشن کے فیصلے کے بعد منظوری یا ادائیگی کی جائے گی ۔

3 ۔ تمام شیڈولڈ ایڈمیشنز کی اطلاع ، جوبلی لائف کو ایڈمیشن سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل دینا ہوگی ۔

4 ۔ ایمر جنسی کی صورت میں داخلے پر بیمہ شدہ شخص( اشخاص )کو اتھارائزیشن کے لیے 24 گھنٹے قبل ہم سے رابطہ کرنا ہوگا ۔

5 ۔ بیمہ شدہ شخص کو انرولمنٹ کے بعد عظمت ہیلتھ انشورنس پلان ہیلتھ کارڈ جاری کیا جائے گا ۔ بیمہ شدہ شخص اس ہیلتھ کارڈ کو منظور شدہ اسپتال ( جو منظورشدہ پینل اسپتالوں کی فہرست میں شامل ہو) پر ضرور پیش کرے ۔

6۔ اگر بیمہ شدہ شخص پاکستان سے باہر کاروبار یا چھٹیاں گزارنے کے لیے کم عرصے کا سفر کررہا ہے ( جو انشورنس کی کسی ایک مدت کے دوران 90 دنوں سے زائد نہ ہو)تو ایسی صورت میں بیمہ شدہ شخص ایمر جنسی میڈیکل کے تحفظ کے لیے اہل ہوگا ۔میڈیکل کے تمام اخراجات کو بعد میں ادا کیا جائے گا اور یہ ادائیگی پاکستان میں دستیاب اسٹینڈرڈ قسم کے علاج کے لیے معقول اور کسٹمری چارجز کے برابر ہوگی ۔

7 ۔ یہ لیف لیٹ صرف ایک تصویری خاکہ ہے ۔ آپ کو مشورہ دیاجاتا ہے کہ پلان خریدنے سے قبل السٹریشن کو مطالعہ کریں اور پلان کی اہم خصوصیات کی تفصیلات کے لیے پالیسی کی دستاویز میں شرائط و ضوابط کا مطالعہ کریں ۔

Back

8۔ پلان مندرجہ ذیل کے قبل از وقت واقع ہونے پر ختم کردیا جائے گا :

- بیمہ شدہ شخص کا انتقال
- بیمہ شدہ شخص دھوکہ دہی میں ملوث ہو
- پالیسی لیپس ہو گئی ہے
- پالیسی کے اختتام کی تاریخ یا پالیسی کی کسی بھی اسٹینڈرڈ شرائط کی وجہ سے اختتام
- رعایتی مدت کے دوران پلان کو تجدید نہ کروانا
- پالیسی کی اینیورسری بیمہ شدہ شخص کی 61 ویں سالگرہ پر ہو۔

## ممنوعات

یہ پالیسی اُن اخراجات کے لیے انشورنس فراہم نہیں کرے گی جو مندرجہ ذیل ممنوعات کے نتیجے میں ہوئے ہوں۔

1۔ کوئی بھی پہلے سے موجود حالت کو پالیسی کے پہلے سال میں تحفظ نہیں دیا جائے گا۔ پالیسی کے بعد کے سالوں کے لیے پہلے سے موجود حالت کے لیے بیان کردہ مذکورہ بالا شیڈول پر عمل کیا جائے گا۔

2۔ کوئی بھی علاج جو بیمہ شدہ شخص نے 'غیر منظور شدہ اسپتال' سے کروایا ہو۔ کسی بھی 'غیر منظور شدہ اسپتال' یا فزیشن سے علاج کروانا کمپنی کی طرف سے مجاز نہیں ہے۔ اس لیے یہ کلیم ویلیڈیٹ نہیں ہوگا۔

3۔ کوئی بھی علاج جو لائسنس یافتہ اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی طرف سے منظور شدہ فزیشن کی طرف سے تجویز نہ کیا گیا ہو یا طبی طور پر ضروری نہ ہو۔

4۔ روزمرہ کے فزیکل چیک اپس، ریسٹ کیور سروسز، بشمول امیونائزیشن

5۔ دماغی بیماری کا علاج، نفسیاتی بیماری، خود سے لگایا گیا زخم، خود کشی، شراب کا غلط استعمال، نشہ آور ادویات، نکوٹین / سگریٹ کی عادت، کسی بھی طرح کی انٹوکسیشن یا کسی چیز کا غلط استعمال۔

6۔ آنکھوں کے چشمے، کونٹیکٹ لینسس، ہیئرنگ ایڈز، وھیل چیئرز اور طبی آلات کی فراہمی یا فٹنگ جو جراحی طور پر درکار نہ ہو۔

7۔ دانتوں کا کوئی بھی علاج، ایکسریز، ایکسٹریکشنز یا فلنگز جب تک کہ وہ کسی حادثاتی زخم کی وجہ سے ضروری نہ ہو اور درد کی حد تک۔

8۔ جسم کے فنکشن کی درستگی یا بحالی کے لیے کسی بھی اعضاء کے لمبز کی لاگت یا کسی بھی قسم کے معاون آلات۔

9۔ آنکھ کی کوئی بھی انعطافی خرابی کا علاج، بشمول پروسیجرز کی لاگت جیسے 'ریڈیئل کیراٹوٹومی' اور 'ایکسزیمر لیزر'۔

10۔ موٹاپا، وزن کم کرنے / بڑھانے کے لیے پروسیجرز اور علاج۔

11۔ کوسمیٹک / پلاسٹک سرجری، جب تک وہ بیمہ شدہ شخص کے تحفظ کے عرصے کے دوران کسی زخم کے باعث طبی طور پر ضروری نہ ہو۔

12۔ کوئی بھی زخم یا بیماری جو پولیس یا ملٹری یونٹ کے کسی فُل ٹائم ممبر کے طور پر خدمات کے دوران پیش آئے، بشمول فوجی سروس اور علاج جو کسی جنگ میں حصہ لینے، ہنگاموں، معاشرتی افراتفری، یا کسی غیر قانونی یا غیر اخلاقی کارروائی کی وجہ سے کروایا جائے۔

13۔ کوئی ہوائی سفر میں، علاوہ اس کے کہ وہ سفر جو شائع شدہ شیڈولز کے مطابق کسی لائسنس یافتہ ایئر کرافٹ میں کیا جارہا ہو اور کسی لائسنس یافتہ ایئر لائن سے کیا جائے۔

14۔ کسی بھی قسم کی اسپتال میں داخلے پر کی گئی ٹریٹمنٹ جو بغیر داخل ہوئے بھی کی جاسکتی ہو یا کوئی بھی اسپتال بنیادی طور پر تشخیص کے لیے کروائے، جب تک کہ وہ کمپنی کی طرف سے تحریری طور پر خاص طور پر مجاز نہ کی گئی ہو۔

15۔ کوئی پیدائشی نقص یا جسمانی عضو کی بناوٹ میں خرابی، بشمول پیدائشی جسمانی یا دماغی خرابی کے لیے علاج یا جراحی عمل۔

16۔ حمل اور اس کی پیچیدگیاں، بچے کی پیدائش (بشمول سرجیکل ڈلیوری)، اسقاطِ حمل، اور / یا بچے کی پیدائش سے پہلے اور بعد کی دیکھ بھال، ختنہ، وغیرہ۔

17۔ بانجھ پن، نا مردگی، اسٹریلائزیشن اور کونٹراسیپشن، بشمول اور اس طرح کی متعلقہ پیچیدگیوں کا علاج۔

18۔ کسی بھی خطرناک کھیل میں حصہ لینے کے باعث زخمی ہوجانا، بشمول لیکن محدود نہیں، کسی ریس یا مقابلے میں رائڈنگ، ڈرائیونگ کرنا اور پروفیشنل اور کونٹیکٹ اسپورٹس میں حصہ لینا۔

19۔ بیمہ شدہ شخص کا علاج کے اخراجات میں اضافہ کرنا جیسے کمرے کا روز کے کرائے کی حد سے زیادہ مہنگے کمرے میں علاج کے لیے قیام کرنا۔

20۔ آؤٹ پیشنٹ سروسز

21۔ تجرباتی یا ایڈوانس میڈیکل اور سرجیکل ٹیکنیکس جو عام طور پر دستیاب نہیں ہیں اور بیمہ شدہ شخص نے عام علاج جو پاکستان میں دستیاب ہے، اس کی جگہ منتخب کیا ہے، علاوہ اس کے کہ کمپنی کا پہلے سے تحریری منظوری موجود ہو۔

22۔ کسی بھی قانون کے باعث میڈیکل کے علاج اور سروسز کی لاگت بڑھ جانا۔ جو چارج لیولز سے زیادہ ہو اور جو چارجز اس قانون کی غیر موجودگی میں معقول اور کسٹمری اخراجات تصور کیے جائیں۔

23۔ وہ لاگت جو بیمہ شدہ شخص اور کسی بھی میڈیکل کے شخص کے درمیان مقدمے یا تنازعے کے باعث پیش آئے یا کوئی بھی ایسی لاگت جو پالیسی کی طرف سے دیئے گئے تحفظ کے تحت میڈیکل اخراجات کی ادائیگی سے متعلق نہ ہو۔

24۔ طبی حالتیں جو پہلے ہی تشخیص کی جاچکی ہیں ان کے لیے میڈیکل کی دوسری رائے لینا اور / یا دوسری رائے لینے کی تاریخ پر علاج مکمل کیا جا چکا ہے، جب تک کہ طبی حقائق اور حالات کے لحاظ سے ایسی آراء کے لیے کمپنی کے میڈیکل ایڈوائزر نے ضروری نہ سمجھا ہو۔ سوائے اس کے کہ جب اختیاری ذیلی فوائد 'ایم ایس او' کا انتخاب کیا ہو۔

25۔ طبی حقائق اور حالات کا احترام کرنا، سوائے اس کے کہ جب اختیاری سپلیمنٹری بینیفٹ 'ایم ایس او' کے تحت انتخاب کیا جائے۔

26۔ کسی بھی گھر، اسپا، ہائیڈرو کلینک، سیناٹوریم یا لانگ ٹرم کیئر فیسیلیٹی جو کہ اسپتال نہیں ہے، وہاں سروسز یا علاج کیا گیا ہو۔

27۔ کسی حوالہ دیئے گئے فزیشن کی طرف سے فیس کی وصولی اُس تاریخ کے بعد تک جاری رہنا جب بیمہ شدہ شخص کو کسی دیگر فزیشن یا اسپیشلسٹ سے معائنہ کروانے کے لیے کہہ دیا گیا ہو۔

28۔ سالانہ تجدید ی تاریخ (آخری تاریخ) کے بعد لاگتیں یا علاج کے اخراجات پیش آئیں جو کسی حادثے، بیماری یا وفات کے سلسلے میں ہوں جو بیمہ کی پچھلی مدت میں واقع ہوا ہو، علاوہ اس کے کہ یہاں پہلے سے بتایا گیا ہو۔

29۔ لاگتیں یا بینیفیٹس جو کسی بھی قانون یا متعلقہ بیمہ کے تحفظ کے تحت قابل ادا ہیں اور جو روزگار کے دوران پیش آنے والی وفات، زخم یا بیماری سے متعلق ہو۔ یہ پالیسی ورک مین کمپینسیشن ایکٹ کے تحت کسی بھی تحفظ کو متاثر نہیں کرتی ہے۔

30۔ کوئی بھی علاج یا اخراجات جو اشخاص کی عمر 75 سال ہونے پر پیش آئیں جو ایسے واقع کی صورت میں ہوں جس پر کلیم بنتا ہو۔ علاوہ اس کہ پالیسی سے قبل کمپنی کی طرف سے تحریر ی طور پر دیا گیا ہو۔

31۔ یہ پالیسی 30 دنوں کی انتظاری مدت رکھتی ہے جس کے دوران اسپتال میں داخلے (حادثے کی صورت میں اسپتال میں داخل ہونے کے علاوہ) کے کلیمز قابلِ ادا نہیں ہونگے۔

## انتباہات

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف کی طرف سے تحریر کی گئی ہے۔ بینک الفلاح یا اس کے الحاق ادارے اس کی ضمانت یا بیمہ نہیں دیتے ہیں اور نہ ہی یہ بینک الفلاح کی پروڈکٹ ہے۔
- اس انشورنس پالیسی کا انڈر رائٹر اور پروائڈر جوبلی لائف ہے اور بیمہ شدہ صارف (صارفین) یا بینیفیشری (بینیفیشریز) کے کلیمز کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوگا۔
- ہمارے سیلز کے نمائندے آپ کو فوائد کی ایک پرسنلائزڈ السٹریشن فراہم کریں گے۔ مختلف شرائط و ضوابط کو سمجھنے کے لیے برائے مہربانی السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا اچھی طرح مطالعہ کریں۔
- مختلف شرائط و ضوابط کو سمجھنے کے لیے برائے مہربانی پالیسی کی دستاویزات کا اچھی طرح مطالعہ کریں۔
- آپ ذیلی فوائد حاصل کر سکتے ہیں اگر اجراء کے وقت بیمۂ زندگی حاصل کرنے والے شخص کی قریبی سالگرہ 55 ویں یا اس سے کم ہو۔
- بینک الفلاح، جوبلی لائف انشورنس کے ڈسٹری بیوٹر کی حیثیت سے کام کررہا ہے اور کسی بھی شخص، بشمول لیکن محدود نہیں، بیمہ شدہ صارف (صارفین)، بینیفیشری (بینیفیشریز) یا کسی بھی تیسرے فریق کے لیے کسی بھی طرح سے ذمہ دار نہ ہے اور نہ ہوگا۔


## رابطے کی تفصیلات

کسی بھی شکایت یا مزید تفصیلات کے لیے آپ رابطہ کر سکتے ہیں :

**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ہیڈ آفس : 74/1-A، لالہ زار، ایم۔ ٹی خان روڈ، کراچی ۔74000، پاکستان
فون :(021) 3212 0201, 3520 5095
فیکس :(021) 3561 0959
ای میل : info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com
یو اے این 554 111 111 ایس ایم ایس :8398 پر'JUBILEELIFE' لکھ کر بھیجیں



/BankAlfalah /BankAlfalahOfficial /bank_alfalah /@BankAlfalahPAK

111 225 111 | bankalfalah.com